سوال نمبر:345 منجاب جناب عنایت اللہ صاحب ایم پی اے خیبر پختونخواہ اسمبلی

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| س (الف)۔ خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کب قائم ہوئی تھی؟ اس کا مینڈیٹ کیا ہے؟ | جواب۔ خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کا ادارہ صوبائی حکومت نے Executive Order کے تحت ستمبر 2013 میں قائم کیا۔ خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے قیام کا بنیادی مقصد صوبے میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنا اور دونوں مقامی اور بیرونی سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کے لئے راغب کرنا ہے۔<br>خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکٹ (KPBOIT Act) 2015 میں منظور ہوا۔ ایکٹ کے مطابق KPBOIT کے دائرہ کار میں مندرجہ ذیل کام شامل ہیں۔<br>1۔ صوبے کے متعلقہ محکموں کے ساتھ مل کر صوبے میں مقامی اور بیرونی سرمایہ کاری کو فروغ دینا اور سرمایہ کاروں کی معاونت کرنا۔<br>2۔ حکومت کی صوبے میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنے میں مدد کرنا۔<br>3۔ حکومت کی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ایکٹ 2014 کے عملدرآمد میں مدد کرنا۔<br>4۔ بین الاقوامی اور مقامی سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کی طرف راغب کرنے کے لئے کانفرنس، سیمنار اور روڈ شو منعقد کرنا اور سرمایہ کاروں کا اطمینان بحال کرنا۔<br>5۔ صوبائی اور ملکی سطح پر بزنس کمیونٹی، بزنس ایسوسی ایشنز اور چیمبر برائے تجارت اور صنعت کے ساتھ مل کر صوبے میں سرمایہ کاری کے لئے کام کرنا۔ |
| س (ب)۔ خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ نے اپنے مینڈیٹ کے مطابق کیا کارکردگی دکھائی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟ | جواب۔ خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ نے صوبے میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول اور مقامی اور بیرونی سرمایہ کاروں کو صوبے میں مختلف سیکٹرز میں سرمایہ کاری کے لئے راغب کرنے کی کوششیں کی جس کی تفصیل درج زیل ہیں۔<br>**1۔ <u>انوسٹمنٹ روڈ شو دبئی:</u>**<br>خیبر پختونخواہ صوبے کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کرنے کے لئے خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ نے ورلڈ بنک کے اشتراک سے فروری 2015 کو دبئی میں صوبے کا پہلا بین الاقوامی انوسٹمنٹ روڈ شو منعقد کیا۔ یہ انوسٹمنٹ روڈ شو ایک کامیاب شو ثابت ہوا جس میں بڑی تعداد میں مختلف ممالک کے سرمایہ کاروں نے شرکت کی۔ سرمایہ کاروں کو صوبے کے بارے میں آگاہ کیا گیا اور صوبے کے مختلف شعبوں میں بشمول انرجی اینڈ پاور، معدنیات، زراعت اور |

| جوابات | سوالات |
|---|---|
| سیاحت وغیرہ شامل ہیں سرمایہ کاری کے لئے مختلف منصوبے پیش کیئے گئے۔<br>ورلڈ بنک کے نمائندے جو دبئی روڈ شو میں موجود تھے اُنھوں نے اس تقریب کو بہت سراہا اور اسی طرح صوبے کو بین الاقوامی سطح پر مزید فروغ دینے کے لئے ایک اور انٹرنیشنل روڈ شو منعقد کرنے کی بھی دلچسپی ظاہر کی۔<br>روڈ شو میں سرمایہ کاروں کو صوبے کے بارے میں آگاہ کرنے کے علاوہ، خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ نے متعلقہ صوبائی ڈیپارٹمنٹس کے اشتراک سے سات پراجیکٹس کی تشہیر کی جن کیلئے مختلف کمپنیوں کی طرف سے چالیس تجاویز موصول ہوئے لیکن پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ایکٹ 2014 اور لیز پالیسی میں درکار ترامیم کی ضرورت کے پیشِ نظر ان پر کام نہ ہو سکا۔ بعد میں خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی کوششوں اور تجاویز کے نتیجے میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ایکٹ 2014 میں ترامیم کی گئی اور سرمایہ کاری کے لئے لیز پالیسی میں بھی ترامیم کی گئی۔<br>**2۔<u>انوسٹمنٹ گائیڈ:</u>**<br>صوبے کے تمام شعبوں اور سرمایہ کاری کے مواقعوں کے بارے میں سرمایہ کاروں کی رہنمائی کے لئے ایک انوسٹمنٹ گائیڈ "Khyber Pakhtunkhwa The Unrevealed Story" بنائی۔<br>**3۔<u>مالم جبہ سکی چیئر لفٹ اور ہوٹل ریسارٹ:</u>**<br>خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ نے خیبر پختونخواہ ٹورزم کارپوریشن اور سرحد ڈیولپمنٹ آتھارٹی کے اشتراک سے 2014 میں مالم جبہ منصوبے کی تشہیر کی۔ 4 ستمبر 2014 کو ٹورزم کارپوریشن خیبر پختونخواہ اور Samsons Group of Companies کے درمیان مالم جبہ ریسارٹ کی بحالی کے لئے معاہدہ ہوا۔ چیئر لفٹ کا اِفتتاح چیف منسٹر خیبر پختونخواہ اور پی ٹی آئی چیئرمین جناب عمران خان نے یکم ستمبر 2016 کو کیا۔ سکی حصہ شروع ہو چکا ہے اور کئی عالمی سکی مقابلے بھی منعقد ہوئے۔ ہوٹل پر | |

| جوابات | سوالات |
|---|---|
| کام تکمیل کے مراحل میں ہے اور عنقریب سیاحوں کے لئے کھول دیا جائے گا۔اس پراجیکٹ سے حکومت کو سالانہ 12 ملین روپے (سالانہ 10% کے اضافے) سے آمدنی ہو رہی ہے۔<br>**4۔ چیئر لفٹ ناران تا جھیل سیف الملوک:**<br>وادی ناران میں سیر و سیاحت کے فروغ کے لئے خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ نے ٹورزم ڈیپارٹمنٹ کے اشتراک سے جون 2016 میں چیئر لفٹ ناران تا جھیل سیف الملوک کی تشہیر کی۔ پروپوزلز کی چھان بین کے بعد Samsons Group of Companies سرِفہرست رہی جس نے تقریبا 45.50 ملین روپے سالانہ لیز کی پیشکش کی۔ پراجیکٹ کا معائدہ TCKP اور کامیاب فرم کے مابین عنقریب متوقع ہے۔<br>**5۔ ایوبیہ چیئر لفٹ کی جدیدیت:**<br>خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ نے گلیات ڈیولپمنٹ آتھارٹی کے اشتراک سے 5 نومبر 2017 کو چیئر لفٹ ماڈرنائزیشن پراجیکٹ کی تشہیر کی۔ جس کے نتیجے میں دس (10) کمپنیوں نے اظہار دلچسپی داخل کرائی جس میں سے پانچ فرمز Pre-Qualify ہوئے۔<br>گلیات ڈیولپمنٹ آتھارٹی کی طرف سے پانچ کامیاب فرمز کو ریکویسٹ فار پروپوزلز کا عمل جاری ہے۔<br>**6۔ پشاور میں آپٹک فائبر نیٹ ورک کی تعیناتی:**<br>خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی کوششوں کے نتیجے میں M/s NayaTel نے پشاور شہر، کینٹ، یونیورسٹی ٹاؤن اور حیات آباد میں آپٹیکل فائبر نیٹ ورک بچھانے کا منصوبہ بنایا۔ KPBOIT نے PDA، اسٹیشن ہیڈ کوارٹر ٹاؤن تھری اور کینٹ بورڈ سے NOC کے حصول میں بھرپور معاونت کی۔ M/s NayaTel نے یونیورسٹی روڈ پر ڈیٹا سنٹر قائم کر لیا ہے۔ کچھ علاقے بشمول یونیورسٹی روڈ، یونیورسٹی ٹاؤن اور حیات آباد کے کچھ حصے شامل ہے جن میں سروسز کا آغاز ہو چکا ہے۔اس | |

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| | طرح حیات آباد فیز 6,4,3,2 اور 7 میں مین لائن کی تنصیب کا کام مکمل ہو چکا ہے اور جلد ہی سروسز کی فراہمی کا آغاز ہوگا۔ محترم جناب گورنر خیبر پختونخواہ نے 11 اکتوبر 2018 کو NayaTel کا پشاور میں افتتاح کیا۔<br>پشاور میں NayaTel نے 1000 ملین روپے سے زیادہ انوسٹمنٹ کی ہے اور 100 سے زیادہ گریجویٹس کو ملازمت دی۔ اس کے علاوہ کنٹریکٹرز اور سب کنٹریکٹرز کے ذریعے سینکڑوں افراد کو بھی ملازمت فراہم کی گئی۔<br>**7۔ <u>آئل ریفائنری کا قیام:</u>**<br>صوبے میں چالیس ہزار بیرل یومیہ کی آئل ریفائنری کے قیام کے لئے خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی کوششوں کے نتیجے میں Frontier Works Organization اور KPOGCL کے مابین 23 مئی 2017 کو معاہدہ ہوا۔ Frontier Works Organization نے آئل ریفائنری کے قیام کے لئے زمین خرید لی ہے اس کے علاوہ باونڈری وال کی تعمیر اور ریفائنری کے لئے مشینری کا بھی خریداری کا عمل بھی جاری ہے۔ اس کے علاوہ خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی کوششوں کے نتیجے میں بیس ہزار بیرل یومیہ آئل ریفائنری کے قیام کے لئے 24 اکتوبر، 2018 کو چائنیز اسٹیٹ اونڈ کمپنی M/s Jiangxi Jianglian International Engineering Co Ltd اور KPOGCL کے درمیان باہمی مفاہمتی یاداشت پر دستخط ہوئے۔<br>**8۔ <u>چشمہ رائٹ بنک کنال کا ترقیاتی منصوبہ:</u>**<br>خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی کوششوں کے نتیجے میں Irrigation Department اور چین کی قومی کمپنی M/s Gezhauba Group International Engineering Company کے درمیان چشمہ رائٹ بنک کنال کے ترقیاتی منصوبے کے لئے 16 نومبر 2017 کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ پشاور میں باہمی مفاہمت یاداشت (MOU) پر دستخط ہوئے۔ |

| سوالات | جوابات |
| --- | --- |
| | **9۔ رشکئی اور حطار اسپشل اکنامک زون کا قیام:**<br>خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی کوششوں کے نتیجے میں KPEZDMC اور چین کی قومی کمپنی M/s China Road and Bridge Corporation کے درمیان رشکئی اور حطار اکسٹینشن اسپیشل اکنامک زون کے قیام کے لئے 20 جنوری، 2018 کو معاہدہ پر دستخط ہوئے۔ یاد رہے کی رشکئی وحطار سپیشل اکنامک زون سے صوبے میں معاشی انقلاب متوقع ہے۔<br>**10۔ پشاور میں بس ٹرمینل اور تجارتی کمپلیکس:**<br>خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی دعوت پر دو قومی کمپنیوں جس میں China Shipbuilding International Engineering اور Natinoal Logistics Cell شامل ہیں۔ انہوں نے دسٹرکٹ گورنمنٹ کے ساتھ ماڈرن بس ٹرمینل (سردار گھڑی میں 400 کنال پر) اور موجودہ بس اسٹینڈ کے 156 کنال پر اسٹیٹ آف دی آرٹ کمرشل کمپلیکس کے ترقیاتی منصوبے کے Conceptual Plan پر کام شروع کردیا ہے۔<br>**11۔ WSSCM اور China Railway 17th Group کے مابین (MOU):**<br>خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی کوششوں کے نتیجے میں WSSCM اور China Railway Bureau 17th Group کے مابین 11 مئی 2018 کو چیف منسٹر ہاوس پشاور میں مفاہمتی یاداشت پر دستخط ہوئے۔<br>چین کی قومی کمپنی ویسٹ مینجمنٹ اور ویسٹ سے توانائی کی پیداوار پر کام کرے گی۔<br>**12۔ KPBOIT اور ICBA, Dubai کے درمیان (MOU):**<br>خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی دعوت پر International Center for Biosoline Agricuolture (ICBA) , دبئی کے دو سائنسدان 27 تا 30 مارچ 2018 کو خیبر پختونخواہ کے دورہ پر آئے۔ |

| جوابات | سوالات |
|---|---|
| صوبے کے زراعت کے ڈیپارٹمنٹ نے بین الاقوامی سائنسدانوں کے علم و تجربہ سے استعفادہ کیا اور دونوں اطراف نے صوبے میں زرعی اجناس کی پیداوار میں بہتری کے لئے دلچسپی ظاہر کی۔ اس سلسلے میں 25 مئی 2018 کو دبئی میں KPBOIT اور ICBA کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔ MOU کا بنیادی مقصد زرعی شعبے میں فصل کی پیداواری صلاحیت کو بہتر بنانے اور ماحول کو سازگار بنانا اور دبئی کے سائنسدانوں کے بین الاقوامی تجربے سے استفادہ حاصل کرنا ہے۔<br>**13۔ ہائیڈل پاور جنریشن:**<br>ہائیڈل پاور جنریشن کے 13 پراجیکٹس جن کی پیداواری صلاحیت تقریبا 1468 MW تھی، پختونخواہ انرجی ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن نے سرمایہ کاری کے لئے پیش کئے۔ ان پراجیکٹس کے لئے مختلف کمپنیوں کی طرف سے 64 پروپوزلز آئے، جس میں سے 50 فیصد سے زیادہ KPBOIT کی کوششوں کے نتیجے میں آئے۔ جس کے نتیجے میں درج ذیل پراجیکٹس NEPRA کو بھجوادیے گئے ہیں۔ | |

| Project Name | Mega Watt (MW) | Firm | Contract Awarded |
|---|---|---|---|
| Shigo Kas HPP - Lower Dir | 102 | M/S Saif Group | 29-09-2017 |
| Arkari Gol HPP - Chitral | 99 | M/S Master Textile Mills Ltd | 29-09-2017 |
| Sharmai HPP - Upper Dir | 150 | Global Resourse Company | 30-06-2015 |

چیف ایگزیکٹو آفیسر خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ نے سرمایہ کاری کانفرنس جو سیول (Seoul)، جنوبی کوریا میں پاکستانی سفارتخانے نے منعقد کیا، میں صوبے کے آبی ذخائر سے توانائی کے پیدا وار کے مواقعوں پر روشنی ڈالی جس کے نتیجے میں Korea Hydro and Nuclear Power Company اور پختونخوا انرجی ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن کے مابین لور سپاٹ گاہ پراجیکٹ (496 MW) کے لئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔

| جوابات | سوالات |
| --- | --- |
| **14۔پشاور سرکولر ریل:**<br>خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی کوششوں کے نتیجے میں M/s China Railway Construction Corporation نے صوبے کا دورہ کیا اور پشاور سرکولر ریل پراجیکٹ پر صوبائی ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ مُلاقاتیں کیئں۔<br>صوبائی کیبنٹ نے 24 مئی 2018 کی میٹنگ میں CRCC کے ساتھ MOU کرنے کی بھی منظوری دی۔ پشاور سرکولر ریل پراجیکٹ صوبے کے مختلف شہر پشاور، نوشہرہ، مردان اور چارسدہ کو آپس میں ملائیں گی اور دوسرے فیز میں صوابی کو بھی شامل کیا جائے گا۔<br>**قانونی اصلاحات:**<br>سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنے کے لئے خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی تجاویز پر مندرجہ زیل قانونی اصلاحات ہوئے:<br>1۔صوبے کے لئے سرمایہ کاری کے لئے لیز پالیسی 2016 بنائی گئی جس میں سرمایہ کاری کی حد اور میعاد مقرر کی گئی۔<br>2۔صوبے میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنے ک لئے اکتوبر 2016 میں خیبر پختونخواہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ 2014 میں ترمیم ہوئی۔<br>3۔خیبر پختونخواہ انڈسٹریل پالیسی 2016 بنانے میں مدد کی۔<br>4۔ پرائیویٹ سرمایہ کاری کے لئے صوبے میں پہلی بار لائحہ عمل تیار کیا جو چیف منسٹر سیکرٹریٹ نے مئی 2016 میں جاری کیا۔<br>5۔ پلاننگ اینڈ ڈیولوپمینٹ ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخواہ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ اور دیگر مطعلقہ محکموں کے اشتراک سے صوبے کے پہلے انوسٹمنٹ پالیسی پر کام کیا جارہا ہے جو کہ تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ | |